# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

اگر ممکن ہو تو سمندر کے اندر کی دنیا کی چند تصاویر بچوں کو دکھانے کے لئے لائیں۔

مثلاً: سی ویڈ، مختلف اقسام کی مچھلیاں، سمندر کے نیچے پہاڑ وغیرہ۔

# سیشن 1

**20 منٹ**

- بچوں سے پوچھیں۔
  - آپ سمندر پر گئے ہیں؟
  - ساحل پر آپ نے کیا دیکھا؟
  - کبھی مچھلی پکڑی ہے؟
  - مچھلی کے ساتھ کبھی کچھ اور بھی جال میں پھنسا؟
  - مچھلی کے علاوہ سمندر میں اور کیا کیا ہوتا ہے؟

نوٹ: سمندری پودے جیسے سی ویڈ، پہاڑ، coral reef، sea urchins، مچھلی کے علاوہ دوسرے سمندری جانور جیسے: crab، squid، octopus، sea horse، ڈولفن، وھیل۔

- اپنی لائی ہوئی تصویریں بچوں کو دکھائیں اور بتائیں کہ سمندر کے نیچے اور کیا کیا ہوتا ہے؟
- بچوں کو بتائیں کہ دنیا کا سب سے بڑا جانور بھی سمندر کے اندر پایا جاتا ہے۔ بچوں سے نام پوچھیں۔ ڈولفن اور وھیل مچھلی نہیں بلکہ میمل mammal ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ mammal ہر ایسے جانور کو کہتے ہیں جس کے بچے پیدا ہوتے ہیں۔ انسان بھی mammal ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ وھیل مختلف قسم کی ہوتی ہیں۔ جن میں نیلی وھیل سمندر کا سب سے بڑا جانور ہے۔
- بچوں کو دوبارہ بتائیں کہ سمندر کے اندر مچھلی کے علاوہ مختلف جاندار پائے جاتے ہیں جن میں octopus بھی ہے۔ oct کا مطلب لاطینی (latin) زبان میں آٹھ ہے۔ octopus کے 8 ہاتھ ہوتے ہیں۔ کتاب میں بنی تصویر دکھائیں اور بچوں سے کہیں کہ octopus کے ہاتھ گنیں۔

15 منٹ • بچے اپنی کتابیں نکالیں اور تصویریں دیکھیں۔ بچوں کو کچھ وقت دیں کہ وہ تصویروں کے بارے میں آپس میں بات چیت کریں۔ اس موقع پر نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔

- کہانی پڑھ کر سنائیں۔

10 منٹ • نئے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں کے ساتھ مل کر پڑھیں۔ ان کے معنی سمجھائیں۔

- بچے یہ الفاظ اپنی کوپی میں اتاریں۔

رنگ برنگا، مرجان، چٹانیں، سیپ، میدان، گھونٹ، ٹولیاں

غول، سموسے، اعلان، باریک، پہلوان، کیفے، پونچھا

## سیشن 2

10 منٹ • 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

15 منٹ • بچوں سے کہیں کہ کہانی میں دی گئی مچھلیاں پہچانیں اور اپنی کوپی میں مچھلیوں کے ناموں کی فہرست اردو اور انگریزی میں بنائیں۔

| english | اردو |
|---|---|
| bekti | بیکٹی |
| red snapper | ہیرا |
| salmon | سالمن |
| pomfret | پوم فریٹ |

15 منٹ

- خالی جگہ صحیح لفظ چن کر پر کریں۔

پتھروں ، میمل ، مچھلیاں، پودا ، کچھوا ، اوکٹوپس

- مانی ایک __________ تھا۔
- کیکڑے سمندر میں __________ کے نیچے رہتے ہیں۔
- سالمن، ہیرا اور پوم فریٹ __________ ہیں۔
- سی ویڈ __________ ہے۔
- ٹپو ایک __________ تھا۔

## ہوم ورک

5 منٹ

- سیشن 1 میں کیئے گئے نئے الفاظ سے املا کی تیاری کریں۔
- جوتے کا خالی ڈبہ لائیں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 4 میں جوتے کے ڈبے کے اندر سمندر کا سین paper cut out سے بنانے کی activity کی جائے گی۔ سیشن 3 میں اس کی تیاری کریں۔ بچوں کی تعداد کے مطابق "6 x "6 کے سفید کارڈ پیپر یا سادہ کاغذ کے ٹکڑے (اخبار کا کاغذ یا استعمال شدہ کاغذ کا تھیلا بھی استعمال کیا جا سکتا ہے) مختلف رنگوں کی پینسلیں / crayons سفید باریک ڈوری / دھاگہ / fish wire ، گوند اور چند قینچیوں کا انتظام کریں۔

# سیشن 3

**15 منٹ**

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔
  - املا کی اصلاح کروائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**30 منٹ**

- 6 - 5 بچوں کے گروپ بنائیں۔ ہر گروپ کو کاغذ اور رنگین پینسیلیں / crayons دیں۔ ہر بچہ سمندر کے اندر پائے جانے والے ایک جاندار کی تصویر بنائے اور رنگ بھرے۔ ( مچھلی، seaweed، octopus وغیرہ)۔
  - تصویر مکمل ہو جائے تو بچے اس کے پیچھے اپنا نام لکھیں۔
  - بچوں سے تصویریں اور خالی جوتے کے ڈبے لے کر رکھ لیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 4 کے لئے 6 - 5 گروپ کے لئے نیلے رنگ کا پوسٹر کلر، برش، گوند، اور قینچی کا انتظام کریں۔

# سیشن 4

5 منٹ
- بچے خاموشی سے کہانی پڑھیں اور تصویریں غور سے دیکھیں۔

15 منٹ
- بورڈ پر سوال لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں سوال لکھ کر جواب لکھیں۔
  1 ایک مچھلی کو بلیک بورڈ کے سامنے کیوں دکھایا گیا ہے؟
  2 سمندر کی ہر مچھلی بٹو کے کیفے کیوں آنے لگی؟
  3 بٹو نے ٹپو کو آٹھ سموسے کیوں دیئے؟

20 منٹ
- ocean diorama بنانے کی activity کروائیں۔
  - 6 - 5 بچوں کے گروپ بنائیں۔
  - ہر گروپ کو ایک خالی ڈبہ دیں۔ بچے جوتے کے ڈبے کو اندر سے نیلا رنگ کریں۔ (سمندر کی گہرائی دکھانے کے لئے نیچے کی طرف گہرا نیلا رنگ کریں اور اوپر ہلکا نیلا)۔
  - رنگ کو سوکھنے دیں۔
  - بچوں کو ان کی بنائی ہوئی مچھلیاں پودے وغیرہ دیں۔
  - بچے ان کا cut out بنا لیں۔
  - cut out میں دھاگہ / ڈوری / fish wire لگا کر جوتے کے ڈبے میں لٹکائیں۔
  - سمندری پودے اور گہرائی میں رہنے والے جانور جوتے کے ڈبے میں نیچے چپکائیں۔
  - ہر گروپ کا ocean diorama کلاس میں display کریں۔

## ہوم ورک

5 منٹ
- باریک کٹی سبزیاں مثلاً: گاجر ، کھیرا ، بند گوبھی اور تھوڑی سی پکی ہوئی چکن اور ایک سلائیس ڈبل روٹی لے کر آئیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 5 کے لئے نمک ، کالی مرچ ، toothpick، مکس کرنے کے لئے پیالے اور desk کے اوپر بچھانے کے لئے صاف کاغذ کا انتظام کریں۔

# سیشن 5

**30 منٹ**

- بچوں کی لائی ہوئی سبزیاں اور چکن ایک پیالے میں ڈالیں۔ نمک اور کالی مرچ حسب ذائقہ مکس کریں۔
  - بچوں سے کہیں کہ صاف کاغذ اپنے ڈیسک پر بچھائیں اور اس پر ڈبل روٹی کا سلائیس رکھیں۔
  - ہر بچے کے پاس جا کر ڈبل روٹی کے سلائیس پر مکس کی ہوئی اجزاء ڈالیں اور رول بنا لیں۔
  - toothpick سے رول کو بند کر دیں۔
  - رول کھائیں۔

**10 منٹ**

- بچوں کے ساتھ مل کر رول کے اجزاء اور ترکیب بورڈ پر لکھیں۔ بچے کوپی میں اتاریں۔

### ہوم ورک

**5 منٹ**

- امی ابو یا گھر کے کسی بڑے کے ساتھ مل کر کسی ایک کھانے یا ڈش کے اجزاء اور پکانے کی ترکیب لکھ کر لائیں۔

# سیشن 6

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ **میں سمندر کے اندر گیا / گئی** کے عنوان پر مضمون لکھیں۔ مضمون لکھنے سے پہلے بورڈ پر کچھ معاون الفاظ لکھیں اور بات چیت کریں۔ مثلاً:
  - آپ سمندر کے اند کیسے پہنچے۔
  - اوپر سے نیچے جاتے ہوئے کیا کیا دیکھا۔
  - کون کون سے جانور نظر آئے۔
  - کس جانور / مچھلی کو دیکھ کر ڈر لگا۔ اس کے بارے میں بتائیں کہ وہ دیکھنے میں کیسا تھا۔
  - کون سی مچھلی / جاندار سب سے اچھا لگا۔
  - اس سے کیا بات چیت کی۔

35 منٹ
- بچے اپنی کوپی نکالیں اور مضمون لکھیں۔ آخر میں اس کی تصویر بنائیں۔

# سی ویڈ کے سموسے
## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk